SITARA
CHEMICAL INDUSTRIES LIMITED

# اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ستارہ کیمیکل انڈسٹریز لمیٹڈ (''کمپنی'') کا اکتالیس واں (41) سالانہ اجلاسِ عام بروز جمعہ، 21 اکتوبر، 2022 سہ پہر 3:00 بجے بمقام ICAP آڈیٹوریم، انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ آف پاکستان، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایونیو، بلاک 8 کلفٹن میں ذاتی طور پر اور ویڈیو لنک کے ذریعے مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا:

**عمومی اُمورکار:**

1۔ 28 جولائی، 2022 کو منعقدہ غیر معمولی اجلاسِ عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔
2۔ 30 جون، 2022 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں بمعہ ان پر آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور ان کی منظوری دینا۔
3۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش پر 80% کی شرح (-/8 روپے فی حصص) سے منافع منقسمہ کی منظوری دینا۔
4۔ 30 جون، 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز یوسف عادل چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ریٹائر ہو رہے ہیں اور اہلیت کی بناء پر دوبارہ تقرری کے لئے خود کو پیش کرتے ہیں۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز بورڈ آڈٹ کمیٹی کی سفارشات کی بنیاد پر میسرز یوسف عادل کی آئندہ سال کے لئے بطور آڈیٹرز تقرری کی سفارش کرتا ہے۔
5۔ صدر نشین کی اجازت سے کسی بھی دیگر اُمور کار پر غور وخوض کرنا۔

بحکم بورڈ

مظہر علی خان

کمپنی سیکریٹری

کراچی: 17 ستمبر، 2022

**نوٹ:**

**1۔ کرونا وائرس کی ہنگامی صورتحال کے پیشِ نظر شیئر ہولڈرز کے لئے سالانہ اجلاسِ عام کی منصوبہ بندی:**

موجودہ COVID-19 کے پیشِ نظر، حکومت کی تجویز اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") کے 2021 کے سرکلر نمبر 4 بتاریخ 15 فروری 2021 اور اس کے بعد 2021 کے ذیلی سرکلر نمبر 6 بتاریخ 3 اگست 2021 کو جاری کردہ ہدایات کے مطابق، کورم کی تمام ضروریات کی تعمیل کو یقینی بناتے ہوئے کمپنی کا سالانہ اجلاسِ عام ذاتی طور پر نیز عملی طور پر بذریعہ ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے سے منعقد کیا جائے گا نیز ممبران سے درخواست ہے کہ وہ سالانہ اجلاسِ عام میں ووٹنگ کے لئے بذریعہ پراکسی اپنی حاضری کو یقینی بنائیں۔

اس کے مطابق، کمپنی نے یہ یقینی بنانے کے انتظامات کئے ہیں کہ اب حصص یافتگان سمیت تمام شرکاء سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی میں ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کر سکتے ہیں۔ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے خواہشمند ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اجلاس کے انعقاد کے کم از کم 48 گھنٹے قبل تک مندرجہ ذیل تفصیلات بمعہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کے دونوں اطراف کی مصدقہ کاپی، ''سالانہ اجلاسِ عام کے لئے رجسٹریشن'' کے عنوان کے ساتھ **reg.agm2022@sitara.com.pk** پر ای میل ارسال کر کے اپنا اندراج کروائیں:

| شیئر ہولڈر کا نام | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر (CNIC) | CDC اکاؤنٹ نمبر / فولیو نمبر | موبائل فون نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

مذکورہ بالا ضروریات کے مطابق ضروری تصدیق کے بعد، جو ممبران رجسٹرڈ ہوں گے انہیں کمپنی کی جانب سے پاس ورڈ سے محفوظ شدہ ویڈیو لنک بذریعہ ای میل فراہم کیا جائے گا۔ مذکورہ لنک اجلاس کی تاریخ پر دوپہر 2:30 بجے سے سالانہ اجلاسِ عام کے اختتام تک کھلا رہے گا۔

ممبران سالانہ اجلاسِ عام کے ایجنڈا آئٹمز سے متعلق اپنی رائے اور تجاویز، ای میل ایڈریس comments.agm2022@sitara.com.pk پر بھی فراہم کر سکتے ہیں۔

لہٰذا ممبران کی بذریعہ ویڈیو لنک یا پراکسیز کے ذریعے سالانہ اجلاسِ عام میں حاضری کو یقینی بنانے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

**2۔ منتقلیٔ حصص کی کُتب کی بندش:**

کمپنی کی تبدیلی حصص کی کتاب 15 اکتوبر، 2022 سے 21 اکتوبر، 2022 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہے گی۔ جو منتقلیاں باضابطہ طور پر 14 اکتوبر، 2022 کو کاروبار کی بندش کے وقت تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار آفس، میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2 ڈی ایچ اے فیز 7، کراچی میں موصول ہوں گی انہیں منافع منقسمہ کے استحقاق کے لئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

**3۔ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت:**

اجلاس میں شرکت اور ووٹ کا حقدار فرد اپنی جگہ کسی اور فرد کو اپنی جانب سے شرکت کرنے اور ووٹ ڈالنے کے لئے پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی کے موثر ہونے کے لئے ضروری ہے کہ مصدقہ اور دستخط شدہ پراکسیز اجلاس سے 48 گھنٹے قبل کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2 ڈی ایچ اے فیز 7، کراچی میں پہنچ جانا چاہئیں۔

**4 سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جاری کردہ درجِ ذیل ہدایات پر عمل پیرا ہونا ہوگا۔**

**(الف اجلاس میں شرکت:**

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اَپ لوڈ ہوں، کو اجلاس میں شرکت کے موقع پر اپنی شناخت کے لئے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(ii) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی مع نامزد شخص کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے سے فراہم نہ کئے گئے ہوں) اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوگا۔

**(ب) برائے پراکسی کی تقرری:**

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز کی رجسٹریشن تفصیلات ضوابط کے مطابق اَپ لوڈ ہوں اور مندرجہ بالا شرائط کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔ پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ہونی چاہئے جن کے نام، پتے اور قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں، بینیفیشل اونر اور پراکسی کو اجلاس کے موقع پر اپنا اصل شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(ii) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی مع نامزد شخص کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) اجلاس کے موقع پر پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی رجسٹرار کو پیش کرنا ہوگا۔

(iii) ممبران کو ارسال کی جانے والی اطلاع برائے اجلاس کے ساتھ پراکسی فارم منسلک ہے۔ پراکسی فارم کمپنی کو کمپنی کی ویب سائٹ www.sitara.com.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

**5 تبدیل شدہ شرح کے مطابق منافع منقسمہ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی:**

منافع منقسمہ پر انکم ٹیکس کی کٹوتی فائلرز اور نان فائلرز کیلئے درجِ ذیل بنیادوں پر کی جائے گی:

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | فائلر کے لئے انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرح | 15% |
| 2۔ | نان فائلر کے لئے انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرح | 30% |

فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی ویب سائٹ پر شائع کردہ فعال ٹیکس دہندگان (ATP) کی فہرست کی بنیاد پر انکم ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔

انکم ٹیکس کی کٹوتی سے استثنیٰ یا کم شرح پر کٹوتی کے لئے اہل ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ قابلِ معافی ٹیکس سرٹیفکیٹ یا لازمی دستاویزی ثبوت جو بھی ممکن ہوں پیش کریں۔ زکوٰۃ کی کٹوتی نہ چاہنے والے ممبران سے بھی درخواست کی جاتی ہے کہ وہ زکوٰۃ کی غیر کٹوتی کے لئے درست اقرار نامہ (ڈیکلریشن) جمع کروائیں۔

مشترکہ شیئر ہولڈنگز رکھنے والے ہر فائلر یا نان فائلر حصص یافتہ سے انفرادی طور پر برتاؤ کیا جائے گا، اور ایسی صورتحال میں ہر اکاؤنٹ ہولڈر سے فائلر یا نان فائلر کی بنیاد پر ٹیکس کی کٹوتی اس کی شیئر ہولڈنگ کے مطابق کی جائے گی۔ اگر حصص قابلِ تحقیق نہیں ہے تو ہر اکاؤنٹ ہولڈر کو مساوی حصص کے تناسب کا مالک تصور کرتے ہوئے کٹوتی اس کے مطابق کی جائے گی۔ لہٰذا، بلند شرح پر ٹیکس کی کٹوتی سے بچنے کے لئے مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اپنے حصص کی مندرجہ ذیل تفصیلات فراہم کریں۔

| فولیو/CDC اکاؤنٹ نمبر | شیئر ہولڈر کا نام | حصص کا تناسب (حصص کی تعداد) | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبر | پرنسپل/ مشترکہ شیئر ہولڈرز |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

6۔ **الیکٹرانک طریقہء کار کے مطابق نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی سیکشن 242 اور کمپنیز ریگولیشن 2017 (منافع منقسمہ کی تقسیم) کے مطابق کسی بھی منافع منقسمہ کی نقد ادائیگی صرف الیکٹرانک طریقہء کار کے مطابق مستحق حصص یافتگان کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں براہِ راست کی جائے گی۔ لہٰذا ظاہری شیئرز رکھنے والے حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی شیئر رجسٹرار کو یہاں مذکورہ ایڈریس پر فراہم کرے، ای ڈیویڈنٹ فارم پر الیکٹرانک ڈیویڈنٹ مینڈیٹ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے اور شیئر ہولڈرز کو بھیجے جانے والے نوٹس کے ساتھ بھی منسلک ہے۔ سی ڈی سی میں حصص کے معاملے میں، ان معلومات کو سی ڈی ایس کے شرکاء کو اَپ ڈیٹ کرنے اور آگے بڑھانے کے لئے فراہم کیا جانا چاہئے۔

7۔ **پہلے سے جمع نہ کروانے کی صورت میں کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی فراہمی:**

انفرادی شیئر ہولڈرز کو ایک بار پھر یاد دہانی کروائی جاتی ہے کہ اگر انہوں نے اپنا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ پہلے فراہم نہیں کیا ہے تو وہ اپنے CNIC کی مصدقہ نقول شیئر رجسٹرار، میسرز T H K ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ کو فوری طور پر جمع کروادیں۔ بصورتِ دیگر کمپنیز ایکٹ 2017 کی سیکشن 243 اور کمپنیز ریگولیشن 6 (منافع منقسمہ کی تقسیم) کے تحت کمپنی ہٰذا منافع منقسمہ کی ادائیگی کو روک دے گی۔

8۔ **فزیکل شیئرز کی بُک انٹری فارم میں منتقلی:**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے مورخہ 26 مارچ 2021 کو جاری کردہ اپنے مراسلہ نمبر CSD/ED/Misc/2016-639-640 کے توسط سے لسٹڈ کمپنیوں کو کمپنیز ایکٹ (ایکٹ) کی دفعہ 72 کی دفعات پر عمل پیرا ہونے کا مشورہ دیا ہے کہ ان کے جاری کردہ فزیکل شیئرز کو بُک انٹری میں جاری کردہ حصص سے تبدیل کر دیا جائے۔ **ستارہ کیمیکلز انڈسٹریز لمیٹڈ** (''کمپنی'') کے لئے، ایک لسٹڈ کمپنی ہونے کے ناطے مذکورہ بالا ایکٹ کی دفعات کی بھی تعمیل لازمی ہے۔

فزیکل فولیو/شیئر سرٹیفکیٹ کے حامل **ستارہ کیمیکلز انڈسٹریز لمیٹڈ** کے حصص داران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے حصص کو فزیکل فارم سے جلد از جلد بُک انٹری فارم میں تبدیل کروالیں۔

حصص داران سی ڈی سی اکاؤنٹ کھولنے میں معاونت اور اس کے نتیجے میں فزیکل شیئرز کو بُک انٹری فارم میں شامل کرنے کے لئے اپنے بروکر، پاکستان اسٹاک ایکسچینج ممبر، سی ڈی سی کے شراکت دار یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروس فراہم کرنے والے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

اس سے حصص داران کو کئی طرح سے سہولیات میسر ہوں گی جیسا کہ حصص کی محفوظ تحویل، حصص کی گمشدگی سے بچاؤ، ڈپلیکیٹ شیئرز کے اجراء کے لئے درکار تقاضوں سے گریز اور بہتر نرخوں پر اوپن مارکیٹ میں خرید و فروخت کی آسانی شامل ہیں۔ کمپنی کے حصص داران فزیکل شیئرز کو بُک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کے لئے کمپنی کے نامزد شیئر رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ، یعنی **میسرز T H K ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، پلاٹ**

**نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2 ڈی ایچ اے فیز 7، کراچی سے رابطہ کرسکتے ہیں۔**

**9۔ سالانہ رپورٹ کی بذریعہ ای میل یا CD/DVD سے ترسیل:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے مطابق حصص یافتگان کو سالانہ رپورٹس بذریعہ برقی ذرائع (ای میل یا / CD / DVD) سے ارسال کی جارہی ہیں۔ تاہم، جو حصص یافتگان کمپنی کے مالیاتی گوشواروں کی Hard Copy کے حصول کے خواشمند ہیں انہیں منسلکہ اسٹینڈرڈ درخواست فارم (کمپنی کی ویب سائٹ www.sitara.com.pk پر بھی دستیاب ہے) کو پُر کر کے کمپنی کے پتے پر ارسال کرنا ہوگا۔

**10۔ مالیاتی گوشواروں کی دستیابی:**

30 جون 2022 کو ختم ہونے والی مال سال کے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کو کمپنی کی ویب سائٹ www.sitara.com.pk پر آویزاں کیا گیا ہے۔ ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتہ میں کسی بھی تبدیلی کی بابتہ ہمارے شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر مطلع کریں۔

SITARA
CHEMICAL INDUSTRIES LIMITED

# NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

NOTICE IS HEREBY GIVEN THAT THE 41st Annual General Meeting of the shareholders of Sitara Chemical Industries Limited (the "Company") will be held on Friday, 21st day of October 2022 at 3:00 p.m. at ICAP Auditorium, Institute of Chartered Accountant of Pakistan, Chartered Accountants Avenue, Block 8 Clifton, Karachi in person and via videolink, to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS**

i. To confirm the minutes of the Extra Ordinary General Meeting held on July 28, 2022.

ii. To receive, consider and adopt the Annual Audited Financial Statements of the Company for the year ended June 30, 2022 together with the Reports of Directors and Auditors thereon.

iii. To approve payment of Cash Dividend at the rate of 80% (Rs.8/- per share) as recommended by the Board of Directors.

iv. To appoint Auditors and to fix their remuneration for the year ending June 30, 2023. The present auditors, M/s. Yousuf Adil, Chartered Accountants, have retired and being eligible, have offered themselves for re-appointment. The Board of Directors recommends, based on the recommendation of Board Audit Committee, appointment of M/s. Yousuf Adil as auditors for the ensuing year.

v. To transact any other ordinary business with the permission of the Chair.

**By Order of the Board**

Mazhar Ali Khan
Company Secretary

KARACHI: September 17, 2022

**NOTES:**

1. **CORONA VIRUS CONTINGENCY PLANNING FOR ANNUAL GENERAL MEETING OF SHAREHOLDERS**
Due to current COVID-19 situation, as per the advice of the Government and directives of the Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP") in terms of its Circular No.4 of 2021 dated February 15, 2021 and subsequent Circular No.6 of 2021 dated March 3, 2021, the Annual General Meeting of the Company will be convened in person as well as virtually via video conference facility while ensuring compliance with the quorum requirements and request to the Members to consolidate their attendance and voting at the AGM through proxies.

Accordingly, the Company has made arrangements to ensure that all participants, including shareholders, can now participate in the AGM proceedings via video link. Those members who are willing to attend and participate in the AGM via video link are requested to register themselves by sending an email along with following particulars and valid copy of both sides of Computerized National Identity Card (CNIC) at **reg.agm2022@sitara.com.pk** with subject of 'Registration for AGM' not less than 48 hours before the time of the meeting:

| Name of Shareholder | CNIC Number | CDC Account No./Folio No. | Cell Number | Email Address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

Members who will be registered, after necessary verification as per the above requirement, will be provided a password protected video link by the Company via email. The said link will remain open from 2:30 p.m. on the date of AGM till the end of the meeting.

Shareholders can also provide their comments and questions for the agenda items of the AGM at the email address comments.agm2022@sitara.com.pk.

Members are therefore, encouraged to attend the AGM through video link or by consolidating their attendance through proxies.

**2. CLOSURE OF SHARE TRANSFER BOOKS**

The Share Transfer Books of the Company will remain closed from October 15, 2022 to October 21, 2022 (both days inclusive). Transfers received in order at the office of Share Registrar M/s. THK Associates (Pvt.) Limited, Plot no. 32-C, Jami Commercial Street 2, D.H.A Phase VII, Karachi before the close of business on October 14, 2022 will be considered in time for entitlement of the dividend.

**PARTICIPATION IN THE ANNUAL GENERAL MEETING.**

A member entitled to attend and vote at this meeting is entitled to appoint another person as his/her proxy to attend and vote. Proxies in order to be effective must be received at Company's Share Registrar's Office M/s. THK Associates (Pvt.) Limited, Plot no. 32-C, Jami Commercial Street 2, D.H.A Phase VII, Karachi duly stamped and signed not less than 48 hours before the time of meeting.

**4. CDC ACCOUNT HOLDERS WILL HAVE TO FOLLOW FURTHER UNDER MENTIONED GUIDELINES AS LAID DOWN BY THE SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN.**

**a) For attending the meeting:**

i) In case of individuals, the account holders or sub-account holders and their registration details are uploaded as per the regulations, shall authenticate their identity by showing their original Computerized National Identity Card (CNIC), or Original Passport at the time of attending the meeting.

ii) In case of Corporate Entities, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominees shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the meeting.

**b) For appointing proxies:**

i) In case of individuals, the account holders or sub account holders and their registration details are uploaded as per the regulations, shall submit the proxy form as per the above requirements. The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form. Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.

ii) In case of corporate entities, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the person nominated to represent and vote on behalf of the corporate entity, shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with proxy form to the company's registrar.

iii) Form of proxy is attached to the notice of meeting being sent to the members. Proxy Form may also be downloaded from the Company's website i.e. www.sitara.com.pk

**5. WITHHOLDING TAX ON DIVIDEND INCOME**

The deduction of Income Tax from dividend payments shall be made on the basis of filers and non-filers as follows:

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Filer of Income Tax Return | 15.00% |
| 2. | Non-Filer of Income Tax Returns | 30.00% |

Income Tax will be deducted on the basis of Active Tax Payers list posted on the Federal Board of Revenue website.

Members seeking exemption from deduction of income tax or are eligible for deduction at a reduced rate, are requested to submit a valid tax exemption certificate or necessary documentary evidence as the case may be. Members desiring non-deduction of zakat are also requested to submit a valid declaration for non-deduction of zakat.

The shareholders who have joint shareholdings held by Filers and Non-Filers shall be dealt with separately and in such particular situation, each account holder is to be treated as either a Filer or a Non-Filer and tax will be deducted according to his shareholding. If the share is not ascertainable then each account holder will be assumed to hold equal proportion of shares and the deduction will be made accordingly. Therefore, in order to avoid deduction of tax at a higher rate, the joint account holders are requested to provide the below details of their shareholding to the Share Registrar of the Company.

| Folio/ CDC A/c No. | Name of Shareholders | No. of Shares or percentage (Proportion) | CNIC No. | (Principle / Joint Shareholders) |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

6. **PAYMENT OF CASH DIVIDEND THROUGH ELECTRONIC MODE:**

The provisions of Section 242 of the Companies Act, 2017 and Regulation 4 of The Companies (Distribution of Dividend) Regulations 2017require the listed companies that any dividend payable in cash shall only be paid through electronic mode directly into the designated bank account by the entitled shareholders. Accordingly, the shareholders holding physical shares are requested to provide the Company's Share Registrar at the address given herein above, electronic dividend mandate on E-Dividend form available on website of the company and also attached with the notice of meeting being sent to the shareholders. In case of shares held in CDC, the same information should be provided to the CDS participants for updating and forwarding to the Company.

7. **SUBMISSION OF COPIES OF CNIC NOT PROVIDED EARLIER**

Individual Shareholders are once again reminded to submit a copy of their valid CNIC, if not provided earlier to the Company's Share Registrar, M/s. THK Associates (Private) Limited. In case of non-availability of a valid copy of the shareholders' CNIC in the records of the Company, the company shall withhold the dividend under the provisions of Section 243 of the Companies Act, 2017 and Regulation 6 of The Companies (Distribution of Dividend) Regulations 2017.

8. **CONVERSION OF PHYSICAL SHARES INTO BOOK ENTRY FORM**

The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) through its letter No.CSD/ED/Misc/2016-639-640 dated March 26, 2021 has advised the Listed Companies to adhere with the provision of the Section 72 of the Companies Act, 2017 (the Act) by replacing shares issued by them in Physical Form with the shares to be issued in the Book-Entry Form. **Sitara Chemical Industries Limited (the "Company")**, being a listed company is also required to comply with aforesaid provision of Act.

The shareholders of Sitara Chemical Industries Limited having physical folios/share certificates are requested to convert their shares from Physical Form into Book Entry Form as soon as possible. The shareholders may contact their Broker, a PSX Member, CDC Participant or CDC Investor Account Service provider for assistance in opening CDS Account and subsequent induction of the physical shares into Book Entry Form.

It would facilitate the shareholders in many ways including safe custody of shares, no loss of shares, avoidance of formalities required for the issuance of duplicate shares and readily available for sale and purchase in open market at better rates. The shareholders of Company may contact the Share Registrar and Transfer Agent of the Company, namely M/s. THK Associates (Pvt.) Limited, Plot no. 32-C, Jami Commercial Street 2, D.H.A Phase VII, Karachi for the conversion of Physical Shares into Book-Entry Form.

9. **ELECTRONIC CIRCULATION OF ANNUAL REPORTS VIA EMAIL OR CD/DVD:**

Pursuant to the provision of Companies Act, 2017, annual reports are being sent to the shareholders electronically (Email or CD/DVD).

However, shareholders who wish to receive hardcopy of Financial Statements shall have to fill the attached standard request form (also available on the company's website www.sitara.com.pk ) and send at the Company's address.

10. **PLACEMENT OF FINANCIAL STATEMENTS:**

The audited financial statements of the Company for the year ended June 30, 2022 have been placed at the Company's website: www.sitara.com.pk.

Members are requested to promptly notify any change in their addresses.